رول نمبر ____________ 2015 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارہویں)

اردو (لازمی) پرچہ - پہلا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا **انشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاکِ غیر اللہ کو — خوفِ باطل کیا کہ ہے غارت گرِ باطل بھی تُو

بے خبر! تو جوہرِ آئینۂ ایّام ہے — تُو زمانے میں خُدا کا آخری پیغام ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + (3 x 3)

اب تو کچھ اور ہی، اعجاز دکھایا جائے — شام کے بعد بھی سورج، نہ بجھایا جائے

نئے انساں سے تعارف جو ہوا، تو بولا — میں ہوں سقراط، مجھے زہر پلایا جائے

موت سے کس کو مفر ہے، مگر انسانوں کو — پہلے جینے کا سلیقہ، تو سکھایا جائے

حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) '' بادشاہ ہو یا گدا، امیر ہو یا غریب، حاکم ہو یا محکوم، قاضی ہو یا گواہ، افسر ہو یا سپاہی، استاد ہو یا شاگرد، عابد وزاہد ہو یا کاروباری، غازی ہو یا شہید، توحید کا نور، اخلاص کی رو، قربانی کا ولولہ، خلق کی ہدایت اور راہنمائی کا جذبہ اور بالآخر ہر کام میں خدا کی رضا طلبی کا جوش ہر ایک کے اندر کام کر رہا تھا۔ وہ جو کچھ بھی ہو، جہاں بھی ہو، یہ فیضانِ حق سب میں یکساں اور برابر تھا۔ ''

(ب) '' میں تو اپنے آپ کو اس درد کی وجہ سے رفتنی سمجھتا تھا مگر اس خیال سے تسکین تھی کہ پاؤں کا درد ہے۔ حرکت محال ہے، رفتنی نہیں آمدنی ہوں۔ باقی خدا کے فضل وکرم سے خیریت ہے۔ امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ ممکن ہو تو لاہور ضرور آئیے اور لوگوں کو اپنا تازہ کلام بھی سُنائیے۔''

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) اسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ii) اوورکوٹ

5۔ حفیظ جالندھری کی نظم '' ہلال استقلال '' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

6۔ دو دوستوں کے مابین '' سگریٹ نوشی کے نقصانات '' پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

اپنے کالج میں یوتھ فیسٹیول کے تحت ہونے والے ایک تقریری مقابلے کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ اپنے کالج کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ پیراگراف کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

آج دنیا بھر میں زبان، نسل اور رنگ کے اختلافات نے فساد برپا کر رکھا ہے۔ اِن بے معنی لیکن فتنہ انگیز امتیازات کی وجہ سے انسانی دنیا باہم برسرِ جنگ گروہوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔ لیکن اس کے برعکس اسلام ایک ایسا دینِ فطرت ہے جن میں اِن اختلافات کا کوئی تصور موجود نہیں۔ وہ تمام انسانوں کو اولادِ آدم ہی کی حیثیت سے دیکھتا ہے۔ اور ایک کلمۂ توحید پر جمع ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اس دینِ حق کا تقاضا یہ ہے کہ کم از کم اس کے ماننے والے آپس میں اس طرح متحد اور مربوط ہوں کہ اگر زمین کے ایک کونے میں بسنے والے کسی مسلمان کو کوئی گزند پہنچے تو اس کا درد روئے زمین کے تمام مسلمان محسوس کریں۔

3-2015(A)-22000 **(MULTAN)**